# 95383 - روزہ کی حالت میں بیوی سے جماع کے بغیر مباشرت

## سوال

روزے کی حالت میں رمضان کو دن کے وقت بے لباس ہو کر بیوی کے ساتھ سونے اور اعضاء تناسلیہ کا ایك دوسرے کو لگنے کا حکم کیا ہے، لیکن دخول نہیں ہوا ؟

## پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگر دخول نہ ہوا ہو، اور نہ ہی منی خارج ہوئی ہو تو آپ کا روزہ صحیح ہے، اور آپ پر کچھ نہیں.

اور عضو تناسل سے مذی کے خروج سے روزہ باطل نہیں ہوتا، علماء کرام کے اقوال میں سے صحیح قول یہی ہے، جو کہ امام ابو حنیفہ، امام شافعی، رحمہمااللہ کا مسلك ہے.

مزید تفصیل کے لیے آپ سوال نمبر ( 37715 ) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں.

روزہ دار کے لیے روزے کی حالت میں بیوی سے بوس و کنار کرنا اور اسے اپنے ساتھ لگانا ( یعنی ایك دوسرے کی جلد کا ملنا ) جائز ہے، لیکن اس میں شرط یہ ہے کہ اگر اسے اپنے اوپر کنٹرول ہو کہ وہ اس طرح جماع نہیں کر بیٹھےگا، اور نہ ہی منی خارج ہو گی.

مزید تفصیل کے لیے آپ سوال نمبر ( 49614 ) کے جواب کا مطالعہ کریں.

واللہ اعلم .